فوری ریلیز کے لیے: 11/11/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنرز HOCHUL اور PIERLUISI اور کانگریس مین TORRES نے پورٹو ریکو فیڈرل افیئرز ایڈمنسٹریشن کے نیویارک دفتر اعلان کیا

نیویارک شہر میں واقع یہ دفتر پورٹو ریکو کے شہریوں کو حکومتی مراعات اور خدمات تک رسائی دینے والے اہم ریکارڈز کے حصول میں مدد دے گا

نیویارک کی گورنر Kathy Hochul، پورٹو ریکو کے گورنرPedro Pierluisi، اور کانگریس مین Ritchie Torres نے آج پورٹو ریکو فیڈرل افیئرز ایڈمنسٹریشن کا نیویارک دفتر کھولنے کا اعلان کیا جو نیویارک اور اردگرد کی ریاستوں میں رہائش پذیر پورٹو ریکو کے شہریوں کو پیدائشی سرٹیفکیٹ، شادی کے لائسنس، اور ایسے دیگر اہم ریکارڈز کے حصول میں مدد دے گا جن کی ضرورت حکومتی مراعات اور خدمات تک رسائی پانے کے لئے پڑتی ہے۔ فی الوقت، نیویارک میں رہائش پذیر پورٹو ریکو کے شہریوں کے پاس یہ ریکارڈز حاصل کرنے کا کوئی مقامی طریقہ نہیں تھا اور انہیں ان کے حصول کے لئے واشنگٹن ڈی سی، آرلینڈو، فلوریڈا میں واقع پورٹو ریکو فیڈرل افیئرز ایڈمنسٹریشن کے دفاتر یا پورٹو ریکو جانا پڑتا تھا۔

"امریکہ میں پورٹو ریکو کے شہریوں کی سب سے بڑی آبادی کا گھر نیویارک اب ایسے اقدامات کر رہا ہے جس سے یہ امر یقینی بنے کہ ہماری ریاست میں موجود ہر شخص کی رسائی اہم پروگراموں، سروسز، اور مراعات تک ہو، **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ بالکل نیا دفتر اس پریشانی کو کم کرنے میں مدد دے گا جو نیویارک اور اس کے اردگرد رہائش پذیر پورٹو ریکو کے شہریوں کو اہم ریکارڈز اور دستاویزات تلاش کرنے میں اٹھانی پڑتی تھی، اور میں گورنرPedro Pierluisi، اور کانگریس مین Ritchie Torres کی شکرگزار ہوں جن کی باہمی شراکت نے یہ وسیلہ ہماری ریاست تک لانا ممکن بنایا۔"

"یہ معاہدہ اس تعلق کو مزید مضبوط بنانے کا ایک اور ذریعہ ہے جو ہمارا نیویارک میں رہنے والے اپنے پورٹو ریکن بھائی بہنوں کے ساتھ ہے، بالکل ویسا ہی جیسا ہمارا فلوریڈا میں ہے،" **گورنر Pierluisi نے کہا۔** "چنانچہ، ہم نے اپنی ان دونوں حدود میں سماجی اور معاشی تبادلے کے ممکنہ مواقع بڑھانے کا اور یہاں اور وہاں رہنے والے پورٹو ریکن باسیوں کے سماجی اور معاشی ترقی کو فروغ دینے کا یہ عمل جاری و ساری رکھا ہوا ہے۔ میں نیویارک کی نئی منتخب شدہ گورنر محترمہ Kathy Hochul اور ساتھ ہی دوبارہ منتخب شدہ کانگریس مین Ritchie Torres کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جو نیویارک کی ڈسٹرکٹ 15 کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ دونوں پورٹو ریکو کے بہترین دوست ہیں۔"

"آج ہمیں برونکس میں پورٹو ریکو کی سروسز کا دفتر کھولنے کا اعلان کرتے ہوئے انتہائی مسرت ہو رہی ہے۔ مجھے نیویارک شہر میں پورٹو ریکن کمیونٹی کی خدمت کے لئے گورنر Hochul اور گورنر Pierluisi کے ساتھ مل کر کام کرنے پر فخر ہے، **کانگریس مین Ritchie Torres نے کہا۔** "جزیرے سے باہر، امریکہ میں پورٹو ریکو کے شہریوں کی سب سے بڑی آبادی ریاست نیو یارک میں ہے۔ اس دفتر کی موجودگی نا صرف پورٹو ریکو کے رہائشیوں کو اہم دستاویزات تک رسائی حاصل کرنے کی سہولت دے گی بلکہ نیویارک شہر میں رہنے والی پورٹو ریکن تارکین وطن افراد اور پورٹو ریکو کے موجودہ شہریوں کے درمیان تعلقات قائم کرنے کا بھی وسیلہ بنے گی۔ ماریہ اور فیونا نامی طوفانوں کی تباہ کاریوں کے بعد پورٹو ریکو کے ہزاروں شہری نیویارک آئے ہیں اور اپنی

زندگیوں کی نئے سرے سے ابتدا کر رہے ہیں کیونکہ قدرتی آفات نے ان کا سب کچھ چھین لیا تھا۔ گورنر Hochul اور گورنر Pedro Pierluisi کا شکریہ کہ انہوں نے ان اہم ترین سروسز کو نیویارک میں واپس لانے میں بہت معاونت کی۔"

PRFAA ریاستی وفاقی امور کے دفتر کے طور پر بھی کام کرے گا اور ساتھ ہی پورٹو ریکو حکومتی خدمات کی سرکاری توسیع کے طور پر بھی۔ یہ کانٹینینٹل امریکہ میں پورٹو ریکو کے شہریوں کی دستاویزات حاصل کرنے میں معاونت کرنے کا ذمہ دار ہے بشمول پیدائش, شادی اور وفات کے سرٹیفکیٹس؛ ڈرائیور ریکارڈز اور شناخت؛ اور اپیاسٹل خدمات۔ ریاست نیو یارک کے محکمہ لیبر کا دفتر اس دفتر کے قیام کے لیے اپنی جگہ بغیر کوئی کرایہ لیے فراہم کرے گا تاکہ نیویارک اور اردگرد کی ریاستوں میں رہنے والے پورٹو ریکن شہریوں کو وہ معاونت مل سکے جس کی انہیں ضرورت ہو۔ NYSDOL کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت PRFAA ان کی جگہ استعمال کرے گا جو برونکس میں East Fordham Road 400 پر واقع ہے۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ لیبر کی کمشنر روبرٹا ریئرڈن (Roberta Reardon) نے کہا، "نیویارک اور پورٹو ریکو کی ایک دوسرے کی معاونت کرنے کی ایک طویل تاریخ ہے۔ چاہے وہ قدرتی آفات ہوں یا سبز توانائی سیکٹرز کی تعمیر، ہم ہمیشہ یہاں ایک دوسرے کے لئے موجود ہیں۔ مجھے فخر ہے کہ NYSDOL پورٹو ریکو فیڈرل افیئرز ایڈمنسٹریشن کو دفتر کی جگہ فراہم کر رہا ہے جس سے نیویارک میں رہنے والے پورٹو ریکو کے ہزاروں شہریوں کو خدمات تک تیز تر رسائی ملے گی۔"

نئے دفتر کی مزید معلومات کے لیے http://www.prfaa.pr.gov/book کا دورہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418